پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

۱۲/مارچ ۲۰۰۸ء

اپنے بینک نوٹوں کا احترام کیجئے؛ ریزور بینک آف انڈیا کی عوام سے اپیل

ریزرو بینک آف انڈیا نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بینک نوٹوں کا استعمال مالا بنانے، پنڈالوں اور عبادت گاہوں کو سجانے نیز سماجی اجلاسوں میں معزز شخصیتوں وغیرہ پر پھولوں کی بارش کرنے سے پرہیز کریں، اس طرح کے کاموں سے بینک نوٹوں کا چہرہ مسخ ہوجاتا ہے اوران کی زندگی کم ہوجاتی ہے۔ بینک نوٹوں کا احترام کیا جانا چاہیئے کیوں کہ وہ خودمختاری کی علامت ہیں اوران کی زندگی کا اضافہ کرتے ہوئے ان کا غلط استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ ریزرو بینک نے کہا ہے کہ وہ پورے ملک میں اچھے نوٹوں کی فراہمی کے لئے پوری کوشش کررہا ہے اوراس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ان کوشش میں وہ پراثر تعاون فرمائیں۔

اجیت پرساد

منیجر

پریس ریلیز 2007-2008/1186